SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
February 10, 2017
For immediate release

## قراقرم کوآپریٹیوبینک کے وفد کاایس ای سی پی کادورہ

## گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے اقدامات کئے جائیں گے؛چیئرمین ایس ای سی پی ظفر حجازی

اسلام آباد(۱۰ فروری) سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین ظفر حجازی نے ایس ای سی پی کی ٹیم کوہدایت کی ہے وہ گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے کم ازکم وقت میں ایک جامع منصوبہ ترتیب دیاجائے۔ وہ جمعہ کو قراقرم کوآپریٹیوبینک کے وفد سے گفتگو کررہے تھے۔

وفد کی سربراہی حکومت گلگت بلتستان کے وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی اقبال حسین کررہے تھے جبکہ کہ بینک کے وفد میں بورڈکے اراکین محمد شفا، حاجی محمد اقبال، محمد صادق اور محمد امین شامل تھے۔

چیئرمین نے کہاکہ گلگت بلتستان میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی ہر ممکن اقدام کرے گا۔ انہوں نے مقامی کمپنیوں اور دیگر ایسی کمپنیوں جو کہ گلگت بلتستان میں کام کرناچاہتی ہیں، کی حوصلہ افزائی اوران کو سہولتیں فراہم کرنے کے لئے اپنے عزم کااعادہ کیا۔ ظفر حجازی نے کہاکہ گلگت بلتستان کی جغرافیائی حیثیت نہایت اہم ہے جوکہ ملک کی معاشی ترقی اور خاص طور پر چائناپاکستان اکنامک کاریڈور (سی پیک) کی کامیابی میں اہم کردارادا کر سکتا ہے۔

اس موقع پر گلگت بلتستان کے وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی اقبال حسین نے چیئرمین ایس ای سی پی کے خیالات کو سراہاتے ہوئے کہاکہ گوادر سی پیک کے روٹ کی آخری منزل ہے جبکہ گلگت بلتستان پاکستان میں اس کا آغاز ہے۔ انہوں نے بتایاکہ قراقرم کوآپریٹیوبینک جی بی مائیکرو فنانس بینک کی طرز پر ایک مائیکرو فنانس بینک قائم کررہاہے۔ وفد نے میوچل فنڈز، کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع اور لیز نگ کے کاروبار میں بھی گہری دلچپسی کااظہار کیا۔ وفد نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع، کیپٹل مارکیٹ اور ایس ای سی پی کے انضباطی فرایم ورک پر تفصیلی سے بریفنگ دینے پر چیئرمین ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کیااور میوچل فنڈزاور لیز نگ کے کاروبار پر مزید آگہی اور معلومات حاصل کرنے میں دلچپسی کااظہار کیا۔ وفد نے چیئرمین ایس ای سی پی سے کیپٹل مارکیٹ کی آؤٹ ریچ اور رسائی گلگت بلتستان تک بڑھانے کی تجویز دی اوراس حوالے سے ضروری اقدامات کرنے اور تعاون کرنے کی خواہش کااظہار بھی کیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

چیئرمین ایس ای سی پی نے گلگت بلتستان کے وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی کو گلگت میں انویسٹر کانفرنس منعقد کرنے کی تجویز دی اور کہا کہ اس کانفرنس میں سرمایہ کاروں اور مختلف شعبوں کے ماہرین کو مدعو کیا جائے اور گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اور سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے حوالے سے غور و خوض کیا جائے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254